**Series A6BAB/C**

**Set No. 1**

کوڈ Q.P.
Q.P. Code **264/6/1**

رول نمبر
Roll No.

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **12** ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **12** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- *Please check that this question paper contains **12** printed pages.*
- *Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.*
- *Please check that this question paper contains **12** questions.*
- ***Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.***
- *15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.*

# اکاؤنٹینسی

# ACCOUNTANCY (Urdu Version)

وقت : ۲ گھنٹے | کل نمبر : ۴۰

Time allowed : 2 hours | Maximum Marks : 40



collegedunia India's largest Student Review Platform

**عمومی ہدایات :**

مندرجہ ذیل ہدایات کو بہت غور سے پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے :

(i) اس سوال نامہ کے دو حصّے ہیں۔ **حصّہ A** اور حصّہ B اس سوالنامے میں **12** سوال ہیں۔ سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) **حصّہ A** – تمام طلباء کے **لازمی** ہیں۔

(iii) **حصّہ B** – ، میں دو متبادلات ہیں۔ یعنی (1) مالی گوشواروں کا تجزیہ اور (2) کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری۔ طلباء کو دیے گئے متبادلات میں سے صرف ایک ہی متبادل کے جوابات دینے ہیں۔

(iv) سوال نمبر **1** سے **3** اور **10** مختصر جواب ٹائپ-I کے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے **2** نمبر ہیں۔

(v) سوال نمبر **4** سے **6** اور **11** مختصر جواب ٹائپ-II والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کے **3** نمبر ہیں۔

(vi) سوال نمبر **7** سے **9** اور **12** طویل جواب ٹائپ کے سوال ہیں۔ ہر سوال کے **5** نمبر ہیں۔

(vii) کوئی مجموعی متبادل نہیں ہے، حالانکہ 3 نمبر والے 3 سوالوں میں اور 5 نمبر والے 1 سوال میں داخلی انتخاب فراہم کیا گیا ہے۔

## حصّہ - A
## (غیر منفعتی تنظیموں، ساجھے داری فرموں اور کمپنیوں کے لیے کھاتہ داری)

**1.** کسی غیر منفعتی تنظیم کے مالی گوشوارے تیار کرتے وقت 'وصیت' کا مطلب اور اُس کے اندراج کا طریقہ دیجیے۔ 2

**2.** مدھو، ٹینا اور نیہا ایک فرم کی ساجھے دار تھیں اور 3 : 3 : 4 کے تناسب میں نفع اور نقصان بانٹتی تھیں۔ 31 مارچ 2022 کو ٹینا سبکدوش ہو گئی اور اُس کے حصے کو 1 : 2 کے تناسب میں مدھو اور نیہا نے لے لیا۔ مدھو اور نیہا کے نئے منافع کے تقسیم کے تناسب کا حساب لگائیے۔ 2

**3.** A, B اور C ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 1 : 2 : 3 کے تناسب میں نفع اور نقصان بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2022 کو B فرم سے سبکدوش ہو گیا۔ B کی سبکدوشی پر فرم کی ساکھ کا تعین قدر ₹ 1,80,000 پر کیا گیا۔

ساکھ میں B کے حصے کا حساب لگائیے اور ساکھ کھاتہ کھولے بغیر اس کے اندراج کا ضروری روزنامچہ تحریر کیجیے۔ 2



collegedunia India's largest Student Review Platform

**4.** (a) 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے آشا ہیلتھ کلب کا وصولی وادائیگی کھاتہ ₹ 70,000 کا موصول چندہ دکھا رہا تھا۔ اضافی معلومات حسبِ ذیل ہیں :

(i) 31 مارچ 2022 کو موصول پیشگی چندہ ₹ 7,000 تھا۔

(ii) 31 مارچ 2021 کو موصول پیشگی چندہ ₹ 4,000 تھا۔

(iii) 31 مارچ 2022 کو واجب الادا چندہ ₹ 8,000 تھا۔

(iv) 31 مارچ 2021 کو واجب الادا چندہ ₹ 3,000 تھا۔

31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے آمدنی و خرچ کھاتے کے جمع خانے میں کھتونی کیے جانے والے چندے کی رقم کا حساب لگائیے۔ 3

**یا**

(b) جیم کلب کی کیش بُک سے لیے گئے مندرجہ ذیل گوشواروں سے 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے وصول وادائیگی کھاتہ تیار کیجیے : 3

| | رقم ₹ |
|---|---|
| اوپننگ بیلنس : | |
| نقد در دست | 15,000 |
| بینک میں نقد | 12,000 |
| چندہ | 1,02,000 |
| خریدی گئی سرمایہ کاریاں | 15,000 |
| بقایا کرایہ | 6,000 |
| حاصل شدہ انٹرینس فیس (پچھلے سال کے ₹ 10,000 شامل کرکے) | 36,000 |
| اختتامی بیلنس | |
| نقد در دست | 15,000 |



collegedunia India's largest Student Review Platform

**.5** P, Q اور R ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 7 : 8 : 9 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو بانٹتے تھے۔ فرم اپنے کھاتے ہر سال 31 مارچ کو بند کرتی ہے۔ 30 نومبر 2021 کو Q کی موت ہو گئی۔ ساجھے داری دستاویز کے مطابق کسی بھی ساجھے دار کی موت پر، موت کے سال میں منافع میں اس کے حصّے کا حساب گذشتہ سال کے منافع کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ 31 مارچ 2021 کو ختم ہوئے سال کے لیے فرم کا منافع ₹ 9,00,000 تھا۔

موت کی تاریخ تک Q کے منافع کے حصّے کا حساب لگائیے اور فرم کی کتابوں میں اُسی تاریخ، پر اس کے لیے ضروری روزنامچہ تحریر کیجیے۔ 3

**.6** (a) BX لمٹیڈ نے پی کیو اینڈ کمپنی کے ₹ 3,00,000 کی قیمت کی عمارت، ₹ 2,00,000 کی قیمت کی مشینری، ₹ 30,000 کی قیمت کا فرنیچر اور اُس کی ₹ 40,000 کی دین داریوں کو ₹ 6,00,000 کی قیمتِ خرید پر لے لیا۔ بی۔ ایکس لمٹیڈ نے قیمتِ خرید کی ادائیگی ₹ 100 فی عدد کے %11 قرض نامے کو %20 پریمیم پر جاری کر کے کی۔

مندرجہ بالا لین دین کے لیے بی۔ ایکس لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 3

**یا**

(b) ایکس۔ زیڈ لمٹیڈ نے ₹ 100 فی عدد کے 5000، %9 قرض ناموں کو جاری کرنے کے لیے درخواستیں طلب کیں۔ رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے کی جانی تھی :

درخواستوں پر — ₹ 40 فی قرض نامہ

الاٹمنٹ پر — باقی



collegedunia India's largest Student Review Platform

10,000 قرض ناموں کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 2000 قرض ناموں کے لیے درخواستیں مسترد کر دی گئیں اور ان درخواست کنندگان کو اُن کی درخواست کی رقم واپس کر دی گئی۔ باقی سرمایہ کاروں کو مناسبی بنیاد پر قرض نامے جاری کر دیے گئے۔ اُن درخواستوں کے ہمراہ موصول فاضل درخواست کو جن کے مقابل مناسبی الاٹمنٹ کیا گیا تھا، الاٹمنٹ پر واجب رقم میں محسوب کر لیا گیا۔

ایکس۔زیڈ لمٹیڈ کی کتابوں میں قرض ناموں کے اجراء کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات داخل کیجیے۔ 3

**7.** (a) روی، موہن اور پانڈے ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 9 : 8 : 7 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2022 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسبِ ذیل تھی :

**31 مارچ 2022 کو روی، موہن اور پانڈے کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم ₹ | اثاثے | | رقم ₹ |
|---|---|---|---|---|---|
| لین دار | | 1,41,000 | بینک | | 27,000 |
| | | | اسٹاک | | 91,000 |
| | | | دین دار | 2,10,000 | |
| عام سرمایہ | | 24,000 | | | |
| | | | مشکوک قرضوں کے لیے انتظام | 10,000 | 2,00,000 |
| پونجی : | | | | | |
| روی | 3,00,000 | | مشینری | | 3,00,000 |
| موہن | 4,00,000 | | آراضی وعمارت | | 10,00,000 |
| پانڈے | 8,43,000 | 15,43,000 | نفع ونقصان کھاتہ (سال 22-2021 کا خسارہ) | | 90,000 |
| | | 17,08,000 | | | 17,08,000 |

31 مارچ 2022 کو موہن مندرجہ ذیل شرطوں پر فرم سے سبکدوش ہوا۔

(i) فرم کی ساکھ کا تعین قدر ₹ 4,80,000 پر کیا گیا۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

(ii) ساکھ میں موہن کے حصے کے کھتونی اُس کے پونجی کھاتے کے جمع خانے میں ساکھ کھاتہ کھولے بغیر کی جائے گی۔

(iii) 10,000 ₹ کے دینداروں کو قلم زد کیا جائے گا اور دین داروں پر ڈوبے ہوئے اور مشکوک قرضوں کے لیے %10 کا انتظام کیا جائے گا۔

(iv) مشینری پر %10 کی فرسودگی لگائی جائے گی اور آراضی عمارت کو %5 سے بڑھایا جائے گا۔

(v) موہن کے پونجی کھاتے کا باقی حصّہ اُس کے قرض کھاتے میں منتقل کیا جائے گا۔

موہن کی سبکدوشی پر فرم کی کتابوں میں از سر نو تعین قدر کھاتہ اور موہن کا پونجی کھاتہ تیار کیجیے۔ 5

**یا**

(b) B, C اور D ایک فرم کے ساجھے دار تھے، اور 1 : 2 : 2 کے تناسب میں نفع اور نقصان بانٹتے تھے۔ 31۔مارچ 2022 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسبِ ذیل تھی :

**31 مارچ 2022 کو B, C اور D کی بیلنس شیٹ**

| رقم ₹ | اثاثے | رقم ₹ | دین داریاں |
|---|---|---|---|
| 17,000 | بینک | 1,20,000 | متفرق لین دار |
| | دین دار 2,00,000 | 2,000 | نفع نقصان کھاتہ |
| | نفی۔ دوبتے قرضوں کے | | پونجی : |
| 1,95,000 | لیے انتظام 5,000 | | B 13,00,000 |
| 4,50,000 | اسٹاک | | C 2,00,000 |
| 60,000 | فرنیچر | 17,00,000 | D 2,00,000 |
| 11,00,000 | آراضی وعمارت | | |
| 18,22,000 | | 18,22,000 | |



collegedunia
India's largest Student Review Platform

مذکورہ بالا تاریخ کو فرم تحلیل کر دی گئی۔ اثاثوں سے وصولی اور دین داریوں کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے کی گئی :

(i) دین داروں کو کتابی قیمت سے 10% کم پر ایک قرض وصول کرنے والی ایجنسی کو فروخت کر دیا گیا۔

(ii) ₹ 2,00,000 کا اسٹاک B نے کتابی قیمت سے ₹ 90,000 کم پر لے لیا اور باقی اسٹاک سے ₹ 1,80,000 کی وصولی ہوئی۔

(iii) فرنیچر کو C نے ₹ 65,000 پر لے لیا۔

(iv) لین داروں کو اُن کی رقم کی مکمل ادائیگی کی شکل میں 10% کم ادائیگی کی گئی۔

(v) آراضی اور عمارت سے ₹ 18,00,000 کی وصولی ہوئی۔

(vi) B کو تحلیل سے متعلق کام کرنے کی ذمہ داری دی گئی جس کے لیے اُسے ₹ 40,000 کی ادائیگی کرنی تھی۔

وصولی کھاتہ تیار کیجیے۔ 5

**8.** مندرجہ ذیل حالات میں 9% قرض ناموں کے اجراء کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات داخل کیجیے : 5

(a) ₹ 100 فی عدد کے 5,00,000 ₹، 9% قرض ناموں کا اجراء کیا گیا جن کا تصفیہ تین سال بعد اجراء کرنا ہے۔

(b) ₹ 100 فی عدد کے 4,000، 9% قرض ناموں کا اجراء 3% بٹّے پر کیا گیا جن کا تصفیہ پانچ سال بعد 10% پریمیم پر کرنا ہے۔

(c) ₹ 100 فی عدد کے 10,000، 9% قرضوں ناموں کا اجراء 20% پریمیم پر کیا گیا جن کا تصفیہ پانچ سال بعد 10% پریمیم پر کرنا ہے۔



collegedunia India's largest Student Review Platform

**.9** لکشمی کلب کے مندرجہ ذیل وصولی اور ادائیگی کھاتے، سے 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے آمدنی اور خرچ کھاتہ تیار کیجیے :

**31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے لکشمی کلب کا وصولی وادائیگی کھاتہ**

| وصولیابی | رقم ₹ | ادائیگی | رقم ₹ |
|---|---|---|---|
| باقی نیچے لائے | | طباعت واسٹیشنری | 65,000 |
| نقد 40,000 | | بجلی بل | 54,000 |
| بینک 70,000 | 1,10,000 | میونسپل ٹیکس | 35,000 |
| چندہ | 5,30,000 | بیمہ قسط | 10,000 |
| داخلہ فیس | 46,000 | فرنیچر | 2,00,000 |
| تاحیات ممبری فیس | 40,000 | میعادی جمع | 3,00,000 |
| میعادی جمع پر سود | 13,500 | باقی نیچے لے گئے | |
| عطیہ | 1,20,000 | نقد 1,03,500 | |
| لاکر کرایہ | 28,000 | بینک 1,20,000 | 2,23,500 |
| | 8,87,500 | | 8,87,500 |

اضافی معلومات :

کلب کے 500 ممبر ہیں۔ ہر ممبر 1,000 ₹ سالانہ چندہ ادا کرتا ہے۔ 5



collegedunia India's largest Student Review Platform

## حصّہ-B

### متبادل 1

### (مالی گوشواروں کا تجزیہ)

**.10** 'نقدی بھاؤ گوشوارہ' تیار کرنے کے بنیادی مقصد کو بیان کیجیے۔ 2

**.11** (a) رمن لمٹیڈ کے نفع اور نقصان مندرجہ ذیل گوشوارے سے 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے تقابلی نفع۔نقصان گوشوارہ تیار کیجیے : 3

| تفصیل | نوٹ نمبر | 2021 – 22 ₹ | 2020 – 21 ₹ |
|---|---|---|---|
| عمل کاریوں سے آمدنی | | 26,00,000 | 20,00,000 |
| مراعات ملازمین کا خرچ | | 6,00,000 | 5,00,000 |
| دیگر اخراجات | | 12,00,000 | 10,00,000 |
| ٹیکس در 50% | | | |

**یا**

(b) مندرجہ ذیل معلومات سے 31 مارچ 2021 اور 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے عام سائز کا نفع۔نقصان گوشوارہ تیار کیجیے : 3

| تفصیل | نوٹ نمبر | 2021 – 22 ₹ | 2020 – 21 ₹ |
|---|---|---|---|
| عمل کاریوں سے آمدنی | | 5,00,000 | 2,00,000 |
| دیگر آمدنی | | 3,00,000 | 50,000 |
| مراعات ملازمین خرچ | | 4,00,000 | 1,50,000 |
| دیگر اخراجات | | 10,000 | 10,000 |
| آمدنی ٹیکس 50% | | | |



collegedunia India's largest Student Review Platform

**.12** 31 مارچ 2022 کو پی پی لمٹیڈ کی مندرجہ ذیل بیلنس شیٹ سے عمل کاری کی سر گرمیوں سے نقدی کے بہاؤ کا حساب لگایئے : 5

**پی پی لمٹیڈ**

**کی 31 مارچ 2022 کی بیلنس شیٹ**

| تفصیل | نوٹ نمبر | 31.03.2022 ₹ | 31.03.2021 ₹ |
|---|---|---|---|
| **I۔ اکوئٹی اور دین داریاں** | | | |
| 1. حصص داران کے فنڈ | | | |
| (a) حصص سرمایہ | 1 | 70,00,000 | 50,00,000 |
| (b) ریزرو اور فاضل سرمایہ | 2 | 10,00,000 | 8,00,000 |
| 2. قائم دین داریاں | | | |
| طویل مدتی قرض | 3 | 20,00,000 | 15,00,000 |
| 3. رواں دین داریاں | | | |
| (a) کاروباری ادائیگی | | 2,00,000 | 1,00,000 |
| (b) قلیل مدتی انتظام | 4 | 50,000 | 80,000 |
| کل | | 1,02,50,000 | 74,80,000 |
| **II۔ اثاثے** | | | |
| 1. قائم اثاثے | | | |
| (a) مستقل اثاثے | | | |
| (i) ناقابل منتقلی | 5 | 65,00,000 | 40,00,000 |
| (ii) قابل منتقلی | 6 | 2,00,000 | 3,00,000 |



collegedunia India's largest Student Review Platform

| 31.03.2021 ₹ | 31.03.2022 ₹ | نوٹ نمبر | تفصیل |
|---|---|---|---|
| 15,00,000 | 10,00,000 | | (b) طویل مدتی قرض و پیشگی |
| | | | 2. رواں اثاثے |
| 7,00,000 | 6,00,000 | | (a) مال فہرست (اسٹاک) |
| 3,00,000 | 5,00,000 | | (b) کاروباری خرچ |
| 6,80,000 | 14,50,000 | | (c) نقد اور اس کے متبادلات |
| 74,80,000 | 1,02,50,000 | | کل |

**کھاتے کے ملاحظات :**

| $31^{st}$ March, 2021 ₹ | $31^{st}$ March, 2022 ₹ | تفصیل | نوٹ نمبر |
|---|---|---|---|
| 50,00,000 | 70,00,000 | حصص سرمایہ<br>اکوئٹی حصص سرمایہ | 1 |
| 8,00,000 | 10,00,000 | محفوظ و فاضل سرمایہ<br>(فاضل یعنی نفع۔نقصان گوشوارے کا بقیہ) | 2 |
| 15,00,000 | 20,00,000 | طویل مدتی اُدھار<br>6% قرض نامے | 3 |
| 80,000 | 50,000 | قلیل مدتی انتظام<br>ٹیکس انتظام | 4 |
| 40,00,000 | 65,00,000 | ناقابل منتقلی اثاثے<br>آراضی و عمارت | 5 |
| 3,00,000 | 2,00,000 | قابل منتقلی اثاثے<br>ساکھ | 6 |

**اضافی معلومات :**

6% قرض ناموں پر 90,000 ₹ سود کی ادائیگی کی گئی۔



collegedunia India's largest Student Review Platform

# حصّہ-B

## متبادل 2

### (کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری)

**10.** ٹیلی سافٹ ویئر کے مطابق ”گروپ آف اکاؤنٹ“ کا مطلب بتائیے۔ 2

**11.** (a) پے رول میں کمائی کے اجزاء کے طور پر 'گریڈ پے'، 'مہنگائی پے'، اور 'مہنگائی بھتے'، کو سمجھائیے۔ 3

**یا**

(b) پے رول کے کٹوتی کے اجزاء کی شکل میں 'پراویڈنٹ فنڈ'، 'پیشہ ورانہ ٹیکس' اور کسی دیگر کٹوتیوں کے بارے میں سمجھائیے۔ 3

**12.** ٹیلی سافٹ ویئر میں استعمال کیے جانے والے تین طرح کے واؤچروں اور واؤچروں کی نمبر نگ کے دو طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ 5



collegedunia.com India's largest Student Review Platform